© rasailojaraid.com

# سفر آخرت کے راہی

انا للہ وانا الیہ راجعون

اللھم اغفر للمؤمنین والمومنات والمسلمین والمسلمات واعذھم من فتنۃ القبر
وعذاب النار وعافھم واعف عنھم وادخلھم جنت الفردوس○

## شیخ التفسیر حافظ مسعود عالم کی والدہ محترمہ کی رحلت

جماعتی وعلمی حلقوں میں یہ خبر بڑے حزن وملال سے سنی گئی کہ نمونہ سلف حضرت مولانا محمد یحییٰ شرق پوری رحمۃ اللہ علیہ کی بیوہ اور جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے شیخ التفسیر حضرت مولانا حافظ مسعود عالم' مولانا نعیم الرحمٰن' مولانا حمود الرحمٰن' مولانا زکریا مسعود اور پروفیسر محمود الحسن بزمی کی والدہ محترمہ قضائے الٰہی سے 18 جنوری بروز بدھ برطانیہ میں رحلت فرما گئیں انا للہ وانا الیہ راجعون

مرحومہ نہایت صالحہ صابرہ' شاکرہ شب زندہ دار اور پارسا خاتون تھیں' انہوں نے عُسر یُسر میں مولانا یحییٰ مرحوم کی نا صرف کہ خدمت کی بلکہ ان کی تعلیمی وتبلیغی مساعی میں ہمشیہ معاون رہیں' مولانا مرحوم اپنی زوجہ محترمہ سے بہت خوش تھے۔

مرحومہ نے اپنی ساری اولاد کی تربیت نہایت احسن انداز میں فرمائی بلکہ اس کا حق ادا کو دیا۔ اللہ تعالیٰ انہیں اس کا بہترین صلہ عطا فرمائے۔ آمین

مرحومہ کا جسد خاکی دوسرے دن 19 جنوری بروز جمعرات برطانیہ سے شرق پور لایا گیا اور بعد نماز ظہر ان کی نماز جنازہ ان کے سعادت مند بیٹے حافظ مسعود عالم حفظہ اللہ نے بڑے رقت آمیز انداز میں پڑھائی' جس میں علماء کرام' مشائخ عظام' طلباء کرام کے علاوہ ہر مکتبہ فکر کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور مرحومہ کو آہوں' سسکیوں میں الوداع کیا۔

جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے اساتذہ' انتظامیہ اور طلباء نے رئیس الجامعہ حاجی بشیر احمد صاحب کی معیت میں نماز جنازہ میں شرکت کی اور حضرت حافظ مسعود عالم ودیگر برادران سے اظہار تعزیت کیا اور مرحومہ کی بلندی درجات کے لیے دعا کی اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام نصیب فرمائے (آمین)۔

## قاری محمد اسماعیل اسد حافظ آبادی کی والدہ بھی انتقال فرما گئیں

جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت دکھ کے ساتھ سنی گئی کہ خطیب الاسلام مولانا حکیم محمد ابراہیم حافظ آبادی کی زوجہ محترمہ اور شیخ الحدیث قاری محمد اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ ماجدہ (بقیہ صفحہ 49 پر)

© rasailojaraid.com